
# ووٹروں کے لئے اہم معلومات

انتخابات کا دن پیر ۱۳ ستمبر ہے۔
اپنی ID یاد رکھیں!



# پارلیمانی اور سامی پارلیمانی انتخابات ۲۰۲۱

ہر چار سال بعد ہم منتخب کرتے ہیں کہ اسٹورٹنگ میں ہماری نمائندگی کون کرے گا۔ اسٹورٹنگ کے سب سے اہم فرائض قوانین منظور کرنا، قومی بجٹ کا تعین کرنا اور حکومت کی نگرانی کرنا ہے۔

سیمی پارلیمنٹ ناروے میں سیمی عوام کی منتخب کردہ پارلیمنٹ ہے اور ایک آزاد منتخب ادارہ ہے۔ آپ sametinget.no پر سیمی پارلیمانی انتخابات کے بارے میں مزید پڑھ سکتے ہیں۔

یہ بروشر انتخابات اور ووٹ ڈالنے کے طریقے کے بارے میں معلومات پر مشتمل ہے۔

**انتخابات کا دن پیر ۱۳ ستمبر ۲۰۲۱ ہے۔**
بہت سی میونسپلٹیز بروز اتوار ۱۲ ستمبر کو بھی انتخابات کا انعقاد کر رہی ہیں۔
آپ ۱۰ اگست سے ۱۰ ستمبر تک ملک میں کہیں بھی پیشگی ووٹ دے سکتے ہیں۔
**اپنی شناخت یاد رکھیں!**

## ووٹ دیتے وقت اپنی شناخت لانا یاد رکھیں

جب آپ ووٹ ڈالنے جائیں تو آپ کو شناخت دکھانی چاہیئے۔ جائز شناخت کی مثالوں میں پاسپورٹ، ڈرائیونگ لائسنس یا آپ کی تصویر کے ساتھ بینک کارڈ شامل ہے۔ آپ دیگر قسم کی شناخت کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ شناخت میں کم سے کم آپ کا نام، تاریخ پیدائش اور تصویر شامل ہونی چاہیئے۔

اگر اپ نرسنگ ہوم، ہسپتال یا جیل جیسے اداروں میں رہائش پزیر ہیں، تو آپ ادارے کے کسی ملازم کو اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے ساتھ لا سکتے ہیں۔
ان حالات میں، ملازموں کے لئے اپنی شناخت کروانا ضروری ہے۔

## انفیکشن کنٹرول کے قواعد اور مشورے پر عمل کریں

یہ ضروری ہے کہ آپ انفیکشن کنٹرول کے ان قواعد اور مشورے پر عمل کریں جو آپ کی رہائش گاہ پر قابل اطلاق ہو۔ ووٹ دیتے وقت اپنا فاصلہ برقرار رکھنا اور ہاتھوں کی اچھی حفظان صحت پر عمل کرنا یاد رکھیں، اور اگر آپ بیمار ہیں تو پولنگ اسٹیشن پر نہ آئیں۔

جو ووٹر بیمار ہیں، علیحدگی میں ہیں یا قرنطینہ میں ہیں انہیں بھی ووٹ ڈالنے کا موقع دیا جائے گا۔ مزید معلومات کے لئے اپنی بلدیہ سے رابطہ کریں۔

## اس سال آپ کو ڈیجیٹل پولنگ کارڈ ملے گا

پولنگ کارڈ اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ آپ کو ووٹ ڈالنے کا حق حاصل ہے۔ اس میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ آپ انتخابات کے دن کہاں اور کب ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

آپ کا پولنگ کارڈ آپ کے ڈیجیٹل لیٹر باکس یا الٹن کے ذریعے آپ کو بھیجا جائے گا۔ اگر آپ نے سرکاری حکام سے ڈیجیٹل مواصلات حاصل کرنے سے دستبرداری اختیار کی ہے یا 18 ماہ تک آئی ڈی پورٹن استعمال نہیں کیا، تو آپ کو ڈاک میں کاغذی پولنگ کارڈ ملے گا۔

**ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو اپنے پولنگ کارڈ لانے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن ایسا کرنے سے آپ کا وقت بچے گا۔** آپ کے پولنگ کارڈ کو بطور شناخت شمار نہیں کیا جاتا۔

## کون ووٹ ڈال سکتا ہے؟

آپ پارلیمانی انتخابات میں ووٹ ڈالنے کا حق رکھتے ہیں اگر آپ:

- نارویجیئن شہری ہیں؛
- ۲۰۲۱ کے آخر تک ۱۸ سال کی عمر کو پہنچ چکے ہوں گے؛ اور
- ناروے میں رہائشی کے طور پر پاپولیشن رجسٹر میں رجسٹرڈ ہیں یا وہاں رہتے ہیں یا کبھی رہے ہیں۔

ہر وہ شخص جسے ووٹ ڈالنے کا حق ہے انتخابی رجسٹر میں درج ہے۔ اگر آپ کو یقین نہیں ہے کہ آپ انتخابی رجسٹر میں ہیں یا نہیں تو اپنی میونسپلٹی سے رابطہ کریں۔

## آپ کب اور کہاں ووٹ ڈال سکتے ہیں؟

ملک کی کسی بھی میونسپلٹی میں 10 اگست بروز منگل سے لے کر 10 ستمبر بروز جمعہ تک **پیشگی ووٹ** ڈالے جا سکتے ہیں۔

**انتخابات کے دن**، آپ کے لیے اس میونسپلٹی میں ووٹ ڈالنا ضروری ہے جہاں آپ کو 30 جون 2021 کو رجسٹر کیا گیا تھا۔ آپ میونسپلٹی کے کسی بھی پولنگ اسٹیشن پر ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

اگر آپ**قرنطینہ** میں ہیں توآپ کو عام پولنگ اسٹیشن میں ووٹ نہیں دینا چاہئے۔
اگر آپ **علیحدگی**میں ہیں تو آپ کو گھر سے ووٹ دینا ہوگا۔ آپ کی رہائش کے مقام پر کیے جانے والے انتظامات کے متعلق معلومات کے لئے اپنی بلدیہ سے رابطہ کریں۔

کیا آپ بیمار یا معذور ہیں؟ آپ 10 ستمبر کو 10:00 بجے تک **گھر** سے پیشگی **ووٹ** ڈالنے کے بارے میں اپنی بلدیہ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

کیا آپ عام پیشگی ووٹنگ کے دوران یا انتخابات کے دن ووٹ ڈالنے سے قاصر ہیں؟

آپ اپنی میونسپلٹی سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ آپ کو 1 جولائی سےپیشگی ووٹ ڈالنے کی اجازت دیں۔

آپ 1 جولائی سے 3 ستمبر تک **بیرون ملک** سے بھی ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

## ووٹنگ

**اگر آپ اپنی گھریلو میونسپلٹی سے باہر ووٹ ڈالتے ہیں**، تو آپ کو جو بیلٹ پیپر موصول ہوں گے ان میں ملکی پیمانے پر رجسٹرڈ سیاسی پارٹیوں کے نام درج ہوں گے۔ آپ کو اس پارٹی کے خانے میں ایک کراس کا نشان لگانا ہے جسے آپ ووٹ دینا چاہتے ہیں۔ بیلٹ پیپر میں پارٹیوں کے امیدواروں کے نام نہیں ہوں گے۔ لہذا، آپ ذاتی ووٹ ڈالنے سے قاصر ہوں گے۔

اگر وہ پارٹی یا گروپ کا نام بیلٹ پیپر پر درج نہ ہو جس کے لیے آپ ووٹ دینا چاہتے ہیں تو، آپ بیلٹ پیپر پر پارٹی/گروپ کا نام لکھ سکتے ہیں۔ آپ اپنی میونسپلٹی سے بیلٹ پیپر بھی حاصل کرسکتے ہیں اور اگر آپ ترامیم کرنا چاہیں تو اسے استعمال کر سکتے ہیں۔


ووٹ کو آپ کے گھر کی میونسپلٹی میں گنتی کے لیے بھیج دیا جاتا ہے۔

**valglokaler.no**پر اپنا پولنگ اسٹیشن تلاش کریں


# آپ کے گھر کی میونسپلٹی میں ووٹنگ





بیلٹ پیپر کا انتخاب کریں جو آپ استعمال کرنا چاہتے ہیں۔





بیلٹ پیپر پر کوئی تبدیلی کریں
(اگلے صفحے پر راہنمائی دیکھیں)۔




بیلٹ پیپر کو موڑ دیں تاکہ پارٹی کا نام اندر کی طرف اور اسٹامپ لگانے والا حصہ باہر کی طرف ہو - اس سے کوئی یہ نہیں دیکھ سکے گا کہ آپ نے کسے ووٹ دیا ہے۔
بیلٹ پیپر کو لفافے یا کسی دیگر کور میں نہ ڈالیں۔





کسی انتخابی عہدیدار کے پاس جائیں، اپنی آئی ڈی دکھائیں اور بیلٹ پیپر پر باہر سے مہر لگوائیں۔
بیلٹ پیپر کے جائز ہونے کے لئے اس پر مہر ہونا ضروری ہے!




بیلٹ پیپر کو بیلٹ باکس میں ڈال دیں۔


## بیلٹ پیپرز میں ردوبدل

آپ بیلٹ پیپر میں کچھ تبدیلیاں کر سکتے ہیں۔ بیلٹ پیپر میں ردوبدل سے اس بات پر کوئی اثر نہیں پڑتا کہ آپ کا ووٹ کتنا شمار ہوتا ہے۔ تبدیلیاں کرنے کے بارے میں رہنمائی بیلٹ پیپر پر بھی مل سکتی ہے۔




### امیدواروں کی ترتیب میں تبدیلی کرنا

امیدوار کے نام کے بائیں طرف خانے میں ایک (نیا) نمبر درج کریں تاکہ یہ ظاہر ہو سکے کہ آپ امیدواروں کو کس ترتیب سے ووٹ دے رہے ہیں۔




### امیدواروں کے نام کاٹنا

آپ جس امیدوار کا نام کاٹنا چاہتے ہیں اس کے دائیں طرف خانے میں ٹک کا نشان کریں۔

## پولنگ اسٹیشن پر ووٹ ڈالنے میں مدد کریں

اگر آپ کے پاس کوئی سوالات ہیں یا آپ کو ووٹ ڈالنے میں مدد کی ضرورت ہے تو براہ کرم کسی انتخابی عہدیدار سے رابطہ کریں۔ انتخابی عہدیداروں کا فرض رازداری ہے۔

کیا آپ کو ذہنی یا جسمانی معذوری ہے اور آپ مدد کے بغیر ووٹ نہیں دے سکتے؟ آپ کے ذریعہ منتخب کردہ انتخابی عہدیدار یا کوئی اور شخص آپ کو ووٹ دینے میں مدد کر سکتا ہے۔

## کون منتخب ہوگا؟

پارلیمانی انتخابات میں ۱۹ حلقوں سے سٹورٹنگ کے ۱۶۹ ارکان منتخب ہوتے ہیں۔ ۱۵۰ ارکان براہ راست حلقوں سے منتخب ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ، بڑے پیمانے پر ۱۹ نشستیں مختص کی جاتی ہیں جن میں سے ایک ہر حلقے سے ہوتی ہے۔

آپ مزید معلومات **valg.no**
پر حاصل کرسکتے ہیں

۲۰۲۱ میں نارویجین ڈائریکٹوریٹ آف الیکشنز کے ذریعہ شائع کردہ۔
یہ بروشر بوکمال، نینورسک، سیمی اور نو دیگر زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔

انتخابات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے دیکھیں: **valg.no**